علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق ہیں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سر ٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اُردو تنقید (9028) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1۔ کیا ادب کی تفہیم اور ارتقا کے لیے تنقید ناگزیر ہے؟ ایک نقاد کے لیے کن اصولی اور فکری امور کا لحاظ رکھنا ضروری ہوتا ہے؟ تفصیل سے بحث کریں۔ (20)

سوال 2۔ سلمان ندوی، حافظ محمود شیرانی، حامد حسن قادری اور مولوی عبدالحق کو عمومی طور پر بڑے نقادوں میں شمار نہیں کیا جاتا، اس کے باوجود ان کی تنقیدی آرا کسی بھی اہم نقاد سے کم نہیں۔ اس موقف کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کریں۔ (20)

سوال 3۔ قدیم تنقیدی روایت کے تناظر میں اردو کے تذکروں کی ادبی اور تنقیدی اہمیت کو واضح کریں۔ (20)

سوال 4۔ نفسیاتی تنقید کے دائرۂ کار اور اس کی حدود و قیود بیان کریں، نیز اردو ادب پر اس دبستانِ تنقید کے اثرات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 5۔ کیا ترقی پسند تنقید اور تخلیقی ادب کے مقاصد یکساں تھے؟ اس ضمن میں ترقی پسند تنقید کے ادبی و تخلیقی معیارات پر پڑنے والے اثرات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1۔ قدیم سنسکرت تنقید کی نمایاں خصوصیات بیان کریں، نیز سنسکرت تنقیدی روایت میں رس اور دھونی کے نظریات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال 2۔ مغربی تنقید کے اہم ناقدین فلپ سڈنی اور میتھیو آرنلڈ کے تنقیدی نظریات کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 3۔ جدید اردو تنقید کی اہم نمائندہ نقاد ممتاز شیریں کے تنقیدی تصورات اور ان کے فکری امتیازات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال 4۔ گوپی چند نارنگ اور محمد علی صدیقی کی تنقید کے نمایاں نکات بیان کریں اور ان کے تنقیدی رویّوں کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 5۔ مندرجہ ذیل موضوعات پر نوٹ لکھیں۔ (10+10=20)

i۔ ابوالکلام قاسمی کے تنقیدی نظریات

ii۔ دیویندر اسر کی تنقید نگاری اور فکری جہات